اطلاع عام برائے طلباء وطالبات

سٹوڈنٹس بائیکس سکیم، حکومت پنجاب

وزیراعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایت پر

حکومت پنجاب کی جانب سے **قرعہ اندازی** میں کامیاب ہونیوالے

طلباء وطالبات میں موٹر بائیکس کی تقسیم کا عمل تیزی سے جاری ہے

اس سکیم کے تحت حکومت پنجاب الیکٹرک بائیک پر 50 ہزار روپے اور پٹرول بائیک پر 20 ہزار روپے سبسڈی اور بلاسود آسان اقساط پر طلباء وطالبات میں بائیکس فراہم کر رہی ہے۔ اس کے علاوہ بینک پروسسنگ فیس، رجسٹریشن چارجز اور نمبر پلیٹس سے متعلقہ بھی تمام اخراجات حکومت پنجاب ادا کر رہی ہے۔

سٹوڈنٹس بائیکس سکیم میں قرعہ اندازی کے ذریعے جو طلباء وطالبات بائیک لینے کے لیے منتخب ہوئے ہیں ان سے بینک آف پنجاب مسلسل رابطے میں ہے۔ بہرحال قرعہ اندازی میں کامیاب چند طلباء وطالبات نے ابھی تک بینک آف پنجاب میں یا تو اپنا اکاؤنٹ نہیں کھلوایا یا پھر انہوں نے اپنے حصے کی ایکویٹی کی رقم اپنے بینک اکاؤنٹ میں جمع نہیں کروائی۔ اسی طرح چند طلباء وطالبات نے اپنے گارنٹر (Guarantor) کو تبدیل کرنا تھا تا کہ بینک کی لازمی شرائط پوری کر کے ان کی درخواستوں پر مزید کارروائی کی جا سکے۔

تمام طلباء وطالبات جن کا ابھی تک "ایپلیکیشن پروسس" مکمل نہیں ہوا ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ
مؤرخہ 10 نومبر، 2024 بروز اتوار رات 12 بجے تک
حکومت کے بائیکس پورٹل (bikes.punjab.gov.pk) پر login کر کے

اپنی درخواست اور دستاویزات مکمل کریں یا بینک آف پنجاب کی
(DLP)Digital Lending Programme موبائل ایپلیکیشن
(https://dpl.bop.com.pk/bike/#/login) کے ذریعے
اپنی دستاویزات اور کوائف مکمل کریں۔

آپ کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ مؤرخہ 10 نومبر، 2024 رات بارہ بجے کے بعد جن طلباء و طالبات نے بینک آف پنجاب سے 042-111-333-267 پر رابطہ کر کے اپنی درخواست مکمل نہیں کروائی ہو گی یا سٹوڈنٹس بائیکس پورٹل پر اپنے کوائف مکمل نہ کیے ہوں گے یا اپنے حصہ کی ایکوئٹی اپنے بینک اکاؤنٹ میں جمع نہ کروائی ہو گی ان کی درخواستوں کو رد کر دیا جائے گا اور ان کی جگہ ویٹنگ لسٹ (Waiting List) سے طلباء وطالبات کی درخواستوں کو بائیک کے حصول کے لیے شامل کر لیا جائے گا۔

اگر آپ بائیک کی ایپلیکیشن کو پروسس نہیں کروانا چاہتے تو براہ مہربانی آپ اپنے تعلیمی ادارے یا بینک آف پنجاب کو بیان حلفی کے ذریعے مطلع کریں۔ بیان حلفی (Undertaking) کا نمونہ سٹوڈنٹس بائیکس پورٹل bikes.punjab.gov.pk پر دستیاب ہے۔

یاد رکھیے! پریشانی سے بچنے کیلئے مؤرخہ 10 نومبر، 2024 بروز اتوار رات 12 بجے سے پہلے اور پر دی گئی ہدایات پر عمل کریں اور اپنی بائیک حاصل کریں۔

مزید تفصیلات کیلئے ہیلپ لائن **042-111-333-267**

ٹرانسپورٹ اینڈ ماس ٹرانزٹ ڈیپارٹمنٹ، حکومت پنجاب

Transport.punjab.gov.pk @TransportDeptt

11,676 For Male Students